© rasailojaraid.com



ایک کتاب میں یکجا نہیں مل سکتے۔ ہم مسلمانوں سے خواہ وہ کسی طبقہ اور فرقہ سے متعلق ہوں، قوی توقع رکھتے ہیں کہ وہ اس نمبر کو نہ صرف یہ کہ پڑھیں گے بلکہ ایک ایک کاپی خرید کر بحفاظت تمام اپنے پاس رکھیں گے: تاکہ آئندہ پھر کبھی اگر اس قسم کا کوئی فتنہ اُٹھے تو وہ اُس کی مدافعت میں اُس سے کام لے سکیں۔

**عالمگیر کا تاریخ نمبر** تقطیع بڑی ضخامت ۲۹۰ صفحات طباعت اور کتابت بہتر قیمت ۱۲؍ پتہ:۔ دفتر رسالہ عالمگیر لاہور

یہ اُردو کے مشہور ادبی رسالہ عالمگیر کا خاص نمبر ہے۔ جس میں نام کی مناسبت سے تمام مضامین تاریخ سے ہی متعلق ہیں۔ پورا نمبر کئی عنوانوں پر تقسیم ہے۔ مثلاً حقائق و معارف تاریخی افسانے، تحقیقات و تلخیصات: تاریخی ڈرامے، سیاسیات شخصیات، آثار قدیمہ، منظومات کے دو حصے ہیں۔ ایک حصہ میں تاریخی نظمیں ہیں اور دوسرے میں غزلیات: تاریخی افسانوں میں "پریم کا جادو" "راجکماری رمنی" "چشم بودھ" "گوالنی" اور تحقیقی مضامین میں "زیب النساء بیگم" "دیورشس آثار" "شاہانِ ایران کے سکے" "مسلمان حکمرانوں کا محکمہ ڈاک" بہت دلچسپ پُر از معلومات اور مفید ہیں ان کے علاوہ اور مضامین بھی خاصے ہیں جن کا مطالعہ فائدہ سے خالی نہ ہوگا۔

بدر بن عظیم صاحب اصلاحی کا مضمون "جنگ قدمائے مصر کے نزدیک" "الہلال مصر کی اشاعت دسمبر ۱۹۳۹ء کے مضمون "الحرب عند قدماء المصریین" کا بعینہ ترجمہ ہے جس کے مصنف پروفیسر محرم کمال ہیں لیکن افسوس ہے بدر صاحب نے اس کا کہیں اعتراف نہیں کیا علمی مضامین کو اس طرح اپنا لینا نہایت ہی نامناسب طریقہ ہے: تاریخی نظمیں اور غزلیات دونوں خاص نمبر کے شایان شان ہیں، اس ضخامت اور تنوع مضامین کے پیش نظر قیمت ۱۲؍ کچھ زیادہ نہیں ہے۔

**سالنامۂ ادب لطیف** ۔ مرتبہ چوہدری برکت علی صاحب وغیرہ تقطیع کلاں ضخامت ۲۷۰ صفحات طباعت و کتابت بہتر، قیمت ۱؍ ۔ پتہ:۔ دفتر ادب لطیف لاہور۔

رسالۂ ادب لطیف پنجاب کا سنجیدہ ادبی رسالہ ہے ہر سال اسکا سالنامہ بڑی آب و تاب سے شائع ہوتا ہے۔ اپنی روایات کے مطابق اس سال کا یہ خاص نمبر بھی بڑے اہتمام و انتظام سے شائع ہوا ہے جس میں اُردو کے مشہور افسانہ نویسوں کے افسانوں کے ساتھ ساتھ "بیدل شاہجہاں پوری" "نظیر اور حالی" "غالب کا امتیازی وصف" "لسان العصر" جیسے ادبی مقالات اور



© rasailojaraid.com